## 3100 ـ نصرانی عورت سے خوش آئندنتیجہ

### سوال

میں عیسائ عورت ہونے باوجود اسلام کا اہتمام کرتی ہوں اوراپنی زبان میں قرآن کریم کا ترجمہ پڑھ رہی ہوں ، مجھے یہ علم ہے کہ حائضہ عورت قرآن مجید کونہیں پکڑ سکتی لیکن یہ ترجمہ پرفٹ نہیں ہوسکتا اس لیے کہ یہ اصل جوکہ عربی میں ہے کے برابر نہیں ، اور نہ ہی ترجمہ اللہ تعالی کی کلام ہے ۔
توکیا مصحف کونہ چھونے میں ترجمہ کوبھی نہ چھونا شامل ہے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

آپ نے حقیقت کوگہرائ تک حاصل کرلیا ، اورآپ نے جونتیجہ نکالا ہے وہ بالکل صحیح اوراپنی جگہ پر ہے کہ واقعی ترجمے کومصحف کا حکم نہیں بلکہ یہ تفسیر کی طرح ہی ہے اس لیے حائضہ عورت کےلیے اسے پکڑنا اورچھونا جائز ہے ، اوراس مسئلہ کوباریک بینی سے حل کرنا ایک عقلمنداورسوچ تفکیرمیں اچھی قدرت رکھنے والی کی جانب سے آیا ہے جو اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ آپ قبول اسلام کے بالکل قریب ہیں ۔

اللہ تعالی آپ کوہر قسم کی بھلائ اورخیر میں توفیق عطا فرمائے ۔

نوٹ :

یہ سوال 13 اکتوبر 98 میں نشرکیا گیا پھر 2 فروری 99 کوہمیں مندرجہ ذیل ای میل موصول ہوئ :

Assalamu Alaikum, I sent you questions 3100 and 3313 a while a go and I would just like to tell you that I embraced Islam recently, alhamdulillah! I just wanted to share this with you and thank you for responding to my questions. May Allah reward you. Sincerely, .....

ہم عزیز بہن کواس عظیم کام پرمبارکباد دیتے ہیں ، اسی اللہ تبارک وتعالی کے لیے ابتدا میں بھی اورآخر میں بھی تعریفات ہیں ، اوراسی کی نعمت اورفضل اوراچھی ثنا ہے ۔

واللہ اعلم .